آزاد کشمیر کے شہر میرپور میں کھادی کے خوبصورت وکشادہ اسٹور کا افتتاح

افتتاحی تقریب میں آزاد جموں وکشمیر کے وزیر برائے اسپورٹس، یوتھ اور کلچر چوہدری محمد سعید اپنے اہل خانہ کے ہمراہ شریک

میرپور، 10 اگست، 2018۔ پاکستان کے اعلیٰ معیار کے فیشن ریٹیل برانڈ کھادی (Khaadi) نے اپنا اسٹور نیومیرپور سٹی کے مشہور ڈولفن ٹاور میں منتقل کرلیا ہے۔ کھادی کی جانب سے اپنے اسٹور کی اس مقام پر منتقلی کے فیصلے کا مقصد اپنے صارفین کو وسیع اسٹور میں دیدہ زیب ڈیزائن کی حامل مصنوعات کی رسائی دے کران کو شاپنگ کا نا قابل فراموش تجربہ فراہم کرنا ہے۔

کھادی کے سی ای او شمعون سلطان نے کہا، "ہم نے گزشتہ دو سالوں میں اپنے ریٹیل اسٹورز کے رقبے کو تقریباً دوگنا کردیا ہے جو ایک بڑی کامیابی ہے اور اس اقدام سے پروڈکٹس کے ڈسپلے میں بڑے پیمانے میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ ہم اپنے کسٹمرز کو معیاری کسٹمر سروس بھی فراہم کرسکیں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے صارفین کے لئے کھادی ایسی لوکیشن پر موجود ہو جہاں وہ آسانی سے آسکیں۔ جب میں صارفین کی بات کرتا ہوں تو میں دراصل پاکستان بھر میں اپنے تمام صارفین کے بارے میں بات کررہا ہوں۔ ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ ہمارے بہت سے صارفین پاکستان کے دوردراز علاقوں کے رہائشی ہیں اور ہم انکے پسندیدہ برانڈ کو انکے قریب لانے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کررہے ہیں۔"

ڈولفن ٹاور میں قائم کھادی کا نیا اسٹور 13,477 اسکوائر فیٹ پر پھیلا ہوا ہے جس سے نیو میرپور سٹی میں تقریباً 18 افراد کو روزگار میسر آئے گا۔ اس اسٹور کی افتتاحی تقریب میں آزاد جموں وکشمیر کے وزیر برائے کھیل، یوتھ اور کلچر، ایم ڈی اے، ایم ڈی ایچ اے اور منگلہ ڈیم افیئرز چوہدری محمد سعید نے اپنے اہل خانہ اور صحافیوں کے ہمراہ شرکت کی۔

کھادی کا تعارف

کھادی پاکستان کا اعلیٰ معیار کا مقبول عام فیشن اور لائف اسٹائل برانڈ ہے۔ یہ پاکستان کے 17 شہروں میں 46 اسٹورز آپریٹ کررہا ہے۔ اس کے علاوہ خلیجی ممالک اور برطانیہ میں بھی اسکے 17 اسٹورز موجود ہیں جہاں مردوں، خواتین، اور بچوں کے ساتھ ساتھ ہوم ٹیکسٹائل کے شعبے میں بھی پرحڈ اور ہاتھ سے تیار ملبوسات اور دیگر اشیاء کی وسیع رینج دستیاب ہے۔